© rasailojaraid.com



خادم حسین

# زباں میری ہے بات ان کی

- بے نظیر سے وفاداری میرا جزو ایمان ہے (سپیکر معراج خالد)
- میرا جماعت اسلامی سے قلبی اور اعتقادی تعلق ہے (سپیکر معراج خالد)

اک طرف گیسوئے عذرائے سخن کی رونق
اک طرف جبہ و دستار خدا خیر کرے

- ضیاء الحق کی باقیات جمہوریت کا خاتمہ چاہتی ہیں (نصرت بھٹو)
اور بھٹو کی باقیات ملک کا خاتمہ چاہتی ہیں۔
- شریعت بل ملک کے خلاف سازش ہے۔ اسمبلی نے منظور کر لیا تو حالات بگڑ جائیں گے (علامہ عرفان حیدر عابدی)

ہے کوفیوں میں آج وہی شخص معتبر
شہر نبی میں جو کبھی بلوائیوں میں تھا

- نشتر کالج گرلز ہاسٹل کے باہر ایم این اے کی نمبر پلیٹ والی کار سے فائرنگ دو افراد زخمی (ایک خبر)
اسمبلی ممبران کا سائیڈ پروگرام
- سیاست میں ہارس ٹریڈنگ روکنے کے لئے آئینی جنگ لڑنا چاہتا ہوں (شیر افگن)
آپ تو خود بکے ہوئے گھوڑے ہیں۔
- ملکی نظام نوٹوں سے چل رہا ہے (ظفر اللہ جمالی)
نوٹوں کے بغیر ملک میں کیا چل رہا ہے
- میں سیاست دان نہیں سیاسی بات سیاست دانوں سے کریں (آصف زرداری)

اس رعونت سے وہ جیتے ہیں کہ مرنا ہی نہیں
تخت پر بیٹھے ہیں یوں جیسے اترنا ہی نہیں

- پاکستان کے تھانوں میں عورتوں کی عزت لوٹی جاتی ہے (ایمنسٹی انٹرنیشنل)
خاتون وزیر اعظم کی حکومت، ویمن فریڈم موومنٹ، اپوا (اغواء) جواب دیں
- سندھ میں مکمل امن قائم ہو جائے گا (اسلم بیگ)

کہاں قاتل بدلتے ہیں فقط چہرے بدلتے ہیں
عجب اپنا سفر ہے فاصلے بھی ساتھ چلتے ہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



○ اٹھارہ ماہ میں میرے کسی وزیر یا مشیر نے کوئی بدعنوانی نہیں کی (بے نظیر)

تجھ سے پہلے تیرا باپ یہاں تخت نشیں تھا
اس کو بھی اپنے خدا ہونے پہ اتنا ہی یقیں تھا

○ پٹواری کو رشوت دینے کے الزام میں ایک شخص گرفتار (ایک خبر)
اسے یوں پڑھئیے: طوائف کو بے حیائی کی ترغیب دینے کے الزام میں ایک شخص گرفتار

○ سب انسپکٹر (قیوم عباسی) کار چوروں کے بین الصوبائی گروہ کا سرغنہ نکلا (ایک خبر)
ایک پولسیا دوسرا کار چور۔ ایک کریلا دوسرا نیم چڑھا

○ حیدر آباد میں ۶۰ جنازے ایک ساتھ اٹھے۔ لوگ دھاڑیں مار کر رونے لگے (ایک خبر)

الٰہی یہ تیری بستی میں درد و غم اتنا عام کیوں ہے
جو چل رہے ہیں رہ وفا پہ انہیں پہ جینا حرام کیوں ہے
اجاڑ دیتے ہیں جو چمن کو جو چھین لیتے ہیں سب کی خوشیاں
انہیں کے آگے ہے سر خمیدہ انہیں کی دنیا غلام کیوں ہے

○ ہمیں قرآن سمجھنے کے لئے ملاؤں کی ضرورت نہیں (عاصمہ جہانگیر)
آپ کو قرآن سمجھانے کے لئے مفتی اعتزاز احسن اور مولانا غلام مصطفیٰ کھر کافی ہیں۔

○ بھارتی درندگی اور بربریت پر پاکستان خاموش نہیں رہ سکتا (احمد سعید اعوان)
سندھ میں درندگی اور بربریت پر آپ کیوں خاموش ہیں؟

○ تین بھائیوں نے باپ کی جائیداد میں سے چوتھے بھائی کو حصہ دینے سے انکار کر دیا (ایک خبر)
کسی کا حصہ ناحق دبائے رکھنا پیٹ میں جہنم کی آگ بھرنا ہے

○ ایم۔اے پاس چپڑاسی کی نوکری مانگتے ہیں (فاروق لغاری)

ہم خون جگر لے کر بازار میں آئے ہیں
کیا دام لگاتے ہیں لفظوں کی دکاں والے

○ ضیاء کی بنائی ہوئی ایم کیو ایم میں شامل بھارتی ایجنٹ قتل و غارت گری کر وا رہے ہیں۔ (نصرت بھٹو)
پی پی میں شامل ایرانی ایجنٹ کیا کروا رہے ہیں؟

○ شریعت بل میں متعدد باتیں آئین کے منافی ہیں (وزیر مذہبی امور الحاج خان بہادر خان)

شرع کے ہم نہیں پابند یہ مجبوری ہے
کہ اپنی جو حکومت ہے وہ جمہوری ہے

○ حیدر آباد میں ضیاء الحق کی تصویروں کے ساتھ ہزاروں افراد کا مظاہرہ اسلم بیگ واپس چلے گئے۔ المدد! المدد! پاک فوج کے نعرے (ایک خبر)
مارشل لاء کے حق میں عوام کا ریفرنڈم

○ کبھی ہمارا ملک بھی امن کا گہوارہ تھا (جو بیگم

© rasailojaraid.com